# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کے خلاف چلائی جانے والی منفی پروپیگنڈا مہم کی شدید مذمت

تحریک انصاف پاکستان کی واحد سیاسی جماعت ہے جو آئین و قانون کی پاسداری پر مکمل یقین رکھتی ہے،

تحریک انصاف نے 27 سالہ سیاسی تاریخ میں اپنے قائد کی تعلیمات کی روشنی میں ہمیشہ آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے جدوجہد کی،

پی ٹی آئی ملک کی وہ واحد جماعت ہے جس کی بنیاد قانون کی حکمرانی اور انصاف کے نظریے پر قائم کی گئی،

اس کے برعکس ملک کی دیگر سیاسی جماعتیں کسی بھی نظریے یا قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے سیاسی جدوجہد کے تصور سے مکمل نابلد ہیں،

تحریک انصاف قائدین و کارکنان خصوصا خواتین کے خلاف جاری بدترین ریاستی جبر و فسطائیت کے باوجود چیئرمین عمران خان کی ہدایات کے مطابق ہمیشہ آئین و قانون کو مقدم رکھا گیا،

ملک کی مقبول ترین اور وفاق کی علامت جماعت کے خلاف ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت منفی پروپیگنڈا مہم چلائی جا رہی ہے جو یکسر بے بنیاد اور قابل مذمت ہے،

ریاستی سرپرستی میں چلائی جانے والی کوئی بھی مہم تحریک انصاف کی عوام میں دن بدن بڑھتی مقبولیت کو کسی طور کم نہیں کر سکتی، پ

اکستان تحریک انصاف اپنے راستے میں آنے والی تمام تر مشکلات اور مصائب کے باوجود قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے پرامن جدوجہد جاری رکھے گی،

ترجمان تحریک انصاف